# Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - ICS Part 1 Tarjmatul Quran Full Book Short Questions Test

Q1. سورۃ فاطر کا خلاصہ تحریرکریں-

**Ans 1:** سورۃ فاطر میں کثرت کے ساتھ اللہ تعالی کی قدرتوں کو بیان کیاگیا ہے - زندگی کے دھوکے اور شیطان کی دشمنی سے خبردار کیا گیا ہے. - شرک کی ہلاکت خیزی اور جھوٹےمعبودوں کے بے بسی کا بھی زکر کیا گیا ہے- پہاڑوں اور جانوروں کے مختلف رنگوں کی حکمت میں غور وفکر کی دعوت دی گئی ہے اور واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالی کا حقیقی ڈر انھیں حاصل ہوتا ہے جو علم اور اگہی رکھتے ہیں- سورۃ فاطر میں" مشرکین کو توحید اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دینا " ہے-

---

Q2. سورۃ العنکبوت میں سورت کے آخر میں مسلمانوں کو کیا ہدایت دی گئی ہے.

**Ans 1:** سورت کے آخر میں مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ جو لوگ اللہ تعالی کی راہ میں جدو جہد کرتے ہیں اللہ تعالی ان کے لیے بہت سی راہیں کھول دیتا ہے.

---

Q3. سورۃ السجدہ کو اور کس نام سے بیان کیا گیا ہے.

**Ans 1:** اس سورت کا نام "تنزیل السجدہ" اور "الم السجدہ" بھی بیان کیا گیا ہے.

---

Q4. سورۃ السجدہ کی ایک فضیلت تحریر کریں-

**Ans 1:** سورۃ میں قرآن مجید پر ایان لانے کی دعوت دی گئی ہے توحید اور آخرت کے دلائل بیان کئے گئے ہیں

---

Q5. روایت کے مطابق سورۃ یٰسین پڑھنے سے کیا ہوتاہے.

**Ans 1:** ایک روایت کے مطابق جو شخص اللہ تعالی کی رضا کے لیے سورۃ یٰسن پڑھتا ہے اس کے سابقہ گناہ بخش دیے جاتے ہیں

---

Q6. سورۃ الشعراءکی کل آیات کتنی ہے.

**Ans 1:** اس کی آیات کی تعداد دوسو ستائیس ہے.

---

Q7. ترجمہ کریں- واحلل عقدۃ من لسانی ہ یفقھوا قولی ہ

**Ans 1:** اورمیری زبان کی گرد کھول دے- تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں

---

Q8. سورۃ الانبیاء پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجئے.

**Ans 1:** تعارف: سورۃ الانبیاۃ میں پچھلے انبیاء کرام علیہ السلام کی نبوت کا حوالہ دے کر حضرت محمدرسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو ثابت فرمایا گیا ہے. اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ الانبیاء ہے. سورۃ الانبیاء اس سورتوں میں سے جن کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میرا قدیم مال اور قیمتی اثاثہ ہیں-

**Ans 2:** مضامین:- سورۃ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے- قیامت کے قریب آنے اور دیگر احوال قیامت کا بیان ہے- پھر اس حقیقت کا زکر ہے کہ ثابت قدمی اور اخلاص کے ساتھ نیکی کی راہ پر چلنے والوں کے لیے کامیابی ہے- ایسے لوگوں کو آخرت میں کوئی خوف نہ ہوگا. ساتھ ہی یہ بتیا گیا ہے.کہ سرور کائنات حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے سراپا رحمت بناکر بھیجا گیا ہے.

---

Q9. سورۃ یٰسین میں کتنی آیات ہیں

**Ans 1:** اس میں تراسی آیات ہیں

---

Q10. سورہ الانبیاء کو یہ نام کیوں دیا گیا.

**Ans 1:** سورۃ الانبیاء میں پچھلے انبیاء کرام علیہم اللسلام کی نبوت کا حوالہ دے کر حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو ثابت فرمایاگیا ہے- اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ الانبیاء ہے.

---